پاکستان اور بیرون ملک پڑھا جانے والا کثیر الاشاعت اخبار

ABC CERTIFIED

زیرنگرانی
ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی

DAILY TAIZ KHABRAIN

روزنامہ تیز خبریں لاہور

جلد 10	بدھ 19 شوال المکرم 1447ھ 08 اپریل ء قیمت 20 روپے	شمارہ نمبر 268

وفاقی محتسب جناب نوید کامران بلوچ کی ریجنل آفسز کے افسران کے ساتھ

آن لائن میٹنگ عوامی شکایات کے بروقت ازالے اور نظام کی بہتری پر زور

لودھراں (بیورو چیف حافظ ربنواز سے) وفاقی محتسب پاکستان جناب نوید کامران بلوچ نے آج ملک بھر کے ریجنل آفسز کے افسران کے ساتھ آن لائن زوم میٹنگ کا انعقاد کیا، جس میں عوامی شکایات کے مؤثر اور بروقت ازالے، ادارہ جاتی کارکردگی اور سسٹم کو مزید مضبوط بنانے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ریجنل آفس بہاولپور میں ہونے والی اس میٹنگ میں ریجنل ہیڈ باسط عزیز خان، سینئر ایڈوائزر طاہر نواز خان، کمشنر (IRD) شوکت محمود، ایسوسی ایٹ ایڈوائزر خالد نذیر اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سید فضل رضا رضوی نے شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران وفاقی محتسب جناب نوید کامران بلوچ نے ادارے کی مجموعی کارکردگی پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ وفاقی محتسب عوام کو ان کی دہلیز پر فوری، سستا اور مؤثر انصاف فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام ریجنل دفاتر شکایات کے ازالے میں تیزی لائیں اور ہر کیس کو مقررہ مدت کے اندر نمٹانے کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ادارے میں جدید آن لائن سسٹم متعارف کروایا جا رہا ہے جس کے ذریعے شکایات کے اندراج اور ان کے حل کو مزید مؤثر بنایا جائے گا، جبکہ دور دراز علاقوں میں کھلی کچہریوں اور سماعتوں کا سلسلہ بھی جاری رکھا جائے گا تاکہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے دور دراز اضلاع میں سب آفسز کے قیام پر بھی زور دیا تاکہ عوام کو مزید سہولت میسر آ سکے اور انہیں اپنے مسائل کے حل کے لیے طویل سفر نہ کرنا پڑے۔ وفاقی محتسب نے اس بات پر زور دیا کہ عوامی مسائل کا بروقت حل ادارے کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے شفاف، فعال اور مؤثر نظام کو مزید مضبوط بنایا جا رہا ہے۔ میٹنگ کے اختتام پر ریجنل آفس بہاولپور کے افسران نے وفاقی محتسب کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اور عوام کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ کیا۔

ڈیرہ اسماعیل خان سے شائع ہونیوالا کثیرالاشاعت اور موثر ترین اخبار

اور ہم نے تم کو ایک ایسی جماعت بنادیا ہے جو "ہر پہلو" سے "اعتدال" پر ہے (القرآن)

DAILY AITADAL D.I.KHAN

ABC CERTIFIED

www.aitadal.com.pk

روزنامہ

اعتدال

ڈیرہ اسماعیل خان

بیاد احمد نواز مغل

سلسل اشاعت کے 19 سال

ہر صبح کا آغاز اعتدال کیساتھ

چیف ایڈیٹر: محمد عرفان مغل

Email:-aitadal@gmail.com | Tel:-0966-713793 | Fax:-0966-713794

جلد نمبر 20 | صفحات 6 | بدھ 08 اپریل 2026ء / 19 شوال 1447ھ / 25 چیت 2083ب | قیمت 20 روپے | شمارہ 283

اسلام آباد: چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کی سینٹ آمد پر ان کا استقبال کر رہے ہیں

Daily NAWA-E-BHAKKAR Bhakkar

روزنامہ نوائے بھکر

Email:nawaebhakkar@gmail.com

ABC CERTIFIED

چیف ایڈیٹر سید سفیر حسین بخاری | قیمت 20 روپے | ایڈیٹر نادر خان بلوچ

جلد 19 | بدھ 08 اپریل 2026ء 19 شوال 1447ھ 2082 بکرمی | شمارہ 117

وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کی چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی سے ملاقات

سابق وزیراعظم نے ملاقات کے دوران انہیں وفاقی محتسب تعینات ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا امید ہے کہ آپ کے تجربات سے وفاقی محتسب کا ادارہ مزید ترقی کی منازل طے کرے گا

بھکر (بیوروچیف رانا محمد ریحان) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، اسلام آباد وفاقی محتسب نو ید کامران بلوچ کی چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی کے ساتھ ملاقات سابق وزیراعظم کی نوید کامران بلوچ کو وفاقی محتسب مقرر ہو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

بقیہ نوائے بھکر 10

نے پر مبارکباد اسلام آباد وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے گزشتہ روز چیئرمین سینٹ اور سابق وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی کے ساتھ ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ سابق وزیر اعظم نے ملاقات کے دوران انہیں وفاقی محتسب تعینات ہونے پر مبارکباد دیتے ہو ئے کہا امید ہے کہ آپ کے تجربات سے وفاقی محتسب کا ادارہ مزید ترقی کی منازل طے کرے گا۔ وفاقی محتسب نے سید یوسف رضا گیلانی کو بتایا کہ ان کے ادارے نے گزشتہ سال دو لاکھ 61 ہزار سے زائد شکایات کے فیصلے کیے جن میں سے تقریبا 97 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہو چکا ہے۔ وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے سابق وزیراعظم کو بتایا کہ عوام الناس کو ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کرنے کے لئے وفاقی محتسب کے 27 علاقائی دفاتر ملک بھر میں کام کر رہے ہیں، اس کے علاوہ وفاقی محتسب کے افسران ملک کے دور دراز علاقوں میں خود جا کر شکایات سنتے ہیں اور لوگوں کو مفت اور فوری انصاف فراہم کر رہے ہیں۔ سابق وزیراعظم نے وفاقی محتسب کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوید کامران بلوچ کے وفاقی محتسب مقرر ہونے پر یہ ادارہ مزید ترقی کرے گا اور پاکستان کے غریب عوام کے مسائل حل کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے وفاقی محتسب کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ ملاقات کے اختتام پر چیئرمین سینٹ نے وفاقی محتسب کو ایک شیلڈ اور اپنے آبائی شہر ملتان کی عکاسی کرنے والا گلدان بھی پیش کیا۔

بقیہ نوائے بھکر 11